4 صفحات قیمت 3 روپے

آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC سے تصدیق شدہ اشاعت

وہ قوم نہیں لائق ہنگامہ فردا جس قوم کی تقدیر میں امروز نہیں ہے

Daily IMROZ Karachi

روزنامہ امروز کراچی

حبیب الرحمن

جلد نمبر 14 | جمعرات 26 مئی 2011ء، 22 جمادی الثانی 1432ھ | شمارہ نمبر 157

آفس برائے ڈسٹرکٹ آفیسر

روڈز اینڈ ٹرانسپورٹ، ورکس اینڈ سروسز ڈپارٹمنٹ

واقع ایگیسی بلڈنگ این جے وی ہائی اسکول، ایم اے جناح روڈ، کراچی

نمبر TC/G-55/D.O/R&T/W&S/305/2011 تاریخ 23 مئی 2011

ٹینڈرز طلبی کا نوٹس

(ایس پی پی آر اے گائیڈ لائن کے تحت)

منسلک فہرست کے تحت اسکیموں کے آگے بتائی گئی کیٹگری میں ایس پی پی آر اے قوانین 2010 کے تحت پاکستان انجینئرنگ کونسل کے ساتھ رجسٹرڈ خواہشمند شرکت کنندگان، معتبر اور تجربہ کار فرموں / ٹھیکیداروں سے B-I/B-II فارم پر سربمہر ٹینڈرز مطلوب ہیں۔

شرائط و ضوابط

1۔ ٹینڈر دستاویزات اس اشتہار کی اشاعت کی تاریخ سے 10 جون 2011 تک دن کے ایک بجے زیر دستخطی کے آفس پر اوقات کار کے دوران فروخت کیلئے دستیاب ہوں گی جو کہ اصل لیٹر ہیڈ پر تحریری درخواست اور سال 2011 کیلئے پاکستان انجینئرنگ کونسل کا اصل رجسٹریشن پیش کرنے، اصلی سی ایس آئی سی، پروپرائٹر شپ / پارٹنرشپ ڈیڈ کا سرٹیفکیٹ اور ہر ایک کے آگے درج ٹینڈر دستاویزات کی لاگت کی نقد (ناقابل واپسی) ادائیگی پر خریدی جاسکتی ہیں۔ بولی کی مجموعی لاگت کے دو فیصد کے مساوی زر ضمانت / زر بیعانہ بشکل کال ڈپازٹ / پے آرڈر کسی بھی شیڈول بینک سے بنام ڈسٹرکٹ آفیسر (آر اینڈ ٹی) ڈبلیو اینڈ ایس ڈپارٹمنٹ لازمی طور پر پیشکش کے ہمراہ سربمہر لفافوں میں منسلک کرنا ہوگا بصورت دیگر ٹینڈر مسترد کردیے جائیں گے۔ ٹینڈر کھلنے کی تاریخ کو کوئی ٹینڈر جاری نہیں کیا جائے گا۔

2۔ ٹینڈرز سربمہر لفافوں میں جن پر کام کا نام واضح طور پر درج ہو زیر دستخطی کے آفس میں رکھے گئے ٹینڈر بکس میں 11-06-2011 کو دوپہر دو بجے تک ڈالنا ہوں گے جو کہ اسی دن سہ پہر 3 بجے ٹینڈر اوپننگ کمیٹی کے روبرو حاضر رہنے کے خواہشمند ٹھیکیداروں یا ان کے مجاز نمائندوں کے سامنے کھولے جائیں گے۔

3۔ اگر کسی وجہ سے مذکورہ تاریخوں میں ٹینڈرز پر کوئی ردعمل نہ ملا تو یہی ٹینڈر 14-06-2011 کو دوبارہ جاری کیے اور 15-06-2011 کو دوپہر دو بجے تک واپس وصول کیے اور اسی دن سہ پہر 3 بجے کھولے جائیں گے۔

4۔ اگر ٹینڈر کھلنے کی تاریخ کو سرکاری تعطیل کا اعلان ہو گیا تو یہی ٹینڈرز اگلے کام کے دن جمع کرائے اور مقررہ وقت پر کھولے جائیں گے۔

5۔ بولی کی مجموعی لاگت کے ساتھ ساتھ ٹینڈر کے ریٹ لازمی طور پر فیگرز اور تحریر دونوں میں درج کرتا ہوگے اور کسی بھی کاٹ چھانٹ کی میں ٹھیکیدار کو لازمی طور پر وہاں اپنے چھوٹے دستخط کرنا ہوں گے بصورت دیگر ٹینڈر منسوخ تصور کیے جائیں گے۔

6۔ بولی دہندگان کا زر بیعانہ / زر ضمانت ٹینڈر کے حتمی فیصلے تک محفوظ رکھا جائے گا۔

7۔ بولی دہندگان کیلئے اہلیت کا معیار ذیل کے تحت ہوگا۔

(i) کام کی مہارت کے متعلقہ شعبے میں پاکستان انجینئرنگ کونسل کے ساتھ رجسٹریشن اور ٹینڈر کی لاگت (اصل میں)

(ii) فرم کے ساتھ کام کرنے والے انجینئرز اور ٹیکنیکل عملے کے اعداد و شمار / کوائف

(iii) تکمیل شدہ / جاری کاموں کا دستاویزی ثبوت کے ہمراہ متعلقہ محکموں سے کام کی اطمینان بخش تکمیل کا سرٹیفکیٹ

(v) دستیاب مشینری / ایکویپمنٹ کی فہرست

(vi) گزشتہ تین سالوں کا بینک کا گوشوارہ۔

(vii) محکمہ انکم ٹیکس سے این ٹی این سرٹیفکیٹ کے ساتھ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی

(viii) حلف نامہ دینا ہوگا کہ فرم کسی بھی مقدمہ بازی میں ملوث نہیں اور یہ کہ فرم نے کسی کا کام ادھورا نہیں چھوڑا۔

(ix) اگر فرم ایک پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنی ہے کہ صورت میں میمورنڈم آف آرٹیکلز اینڈ ایسوسی ایشن کے ساتھ رجسٹرار آف کمپنیز سے حاصل کردہ سرٹیفکیٹ اور اگر فرم بذریعہ پارٹنرز چل رہی ہے کی صورت میں رجسٹرڈ پارٹنر شپ ڈیڈ منسلک کرنا ہوگی۔

8۔ بولی دہندگان سے درخواست ہے کہ وہ بولی کی دستاویزات کی شرائط کو بہت احتیاط سے پڑھیں اور اپنی پیشکشیں شق B-II/I کے تحت مطلوبہ دستاویزات کے ساتھ تمام مطلوبہ معلومات فراہم کریں۔ بولی کی دستاویزات کی مقررہ شرائط پر عدم تعمیل کی صورت میں ٹینڈر مسترد کردیے جائیں گے۔

9۔ اگر کوئی دستاویز جھوٹی یا غلط پائی گئی تو قوانین کے تحت جرمانے کے ساتھ بلا کسی رعایت ٹینڈر مسترد کردیے جائیں گے۔

10۔ ٹینڈرز کے سلسلے میں کسی بھی سفارش یا دباؤ کی سخت ممانعت ہے اگر کسی ٹھیکیدار نے سفارش یا دباؤ کی کوشش کی تو ٹینڈرز مسترد کردیے جائیں گے۔

11۔ سربمہر لفافے پر ٹینڈر کی تفصیل اور کھلنے کی تاریخ درج کرنا ہوگی۔

12۔ مقررہ تاریخ اور وقت کے بعد وصول ہونے والے ٹینڈرز پر غور نہیں کیا جائے گا۔

13۔ مشروط ٹینڈرز اور زر بیعانہ کے بغیر ٹینڈرز قبول نہیں کیے جائیں گے۔

14۔ فرم / ٹھیکیدار کو حلف نامہ دینا ہوگا کہ فرم / ٹھیکیدار کسی بھی پروکیورنگ ایجنسی میں بلیک لسٹ نہیں اور اسے پیشکش کے ہمراہ منسلک کرنا ہوگا۔

15۔ محکمہ کو یہ حق حاصل ہے کہ ایس پی پی آر اے قوانین 2010 کی متعلقہ شقوں کے تحت کسی ایک یا تمام ٹینڈرز کو مسترد کر دے۔

دستخط
ڈسٹرکٹ آفیسر (آر اینڈ ٹی)
ورکس اینڈ سروسز ڈپارٹمنٹ
کراچی

کاموں کی فہرست

نمبر شمار	کام کا نام	تخمینی لاگت	زر بیعانہ	ٹینڈر دستاویز کی لاگت	میعاد	PEC کیٹیگری
1	تعمیر نالہ تا تھان جوکھیو ڈملوٹی نمبر 8 حاجی معیار خان گوٹھ (4.0 کلومیٹر) تک روڈ کی چوڑائی اور ریکنڈیشنگ	شرح فیصد / آفر ریٹ	آفر ریٹ کا دو فیصد	3000	06 ماہ	C-5

INF/KRY:NO:1848/11